آتی ہے یا اس سے زوال یافتہ جاگیردارانہ نظام کی المناک یادتازہ ہوتی ہے۔ مدارس عربیہ کے طلبا، کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہر حال مفید ہوگا۔ (ف۔ ع)

ڈاکٹر اقبال سے ادب کے ساتھ : مصنف ڈاکٹر نوری سائز $\frac{20\times30}{16}$ صفحات ۸۰ قیمت ۴ روپے۔ ناشر: سرکوتھراپی سینٹر، اشوک مارکیٹ سدی عنبر بازار حیدرآباد (آندھرا)

ڈاکٹر نوری صاحب "سرکوتھراپی" (یعنی علاج بغیر دوا) کے ڈاکٹر ہیں اور جب انھیں اپنے پیشہ سے فرصت ہو تو بقول خود ان کا محبوب مشغلہ شعر وشاعری ہے، لیکن ستم ظریفیِ زمانہ دیکھیے کہ بے شمار رباعیاں، غزلیں اور قصیدے لکھنے کے باوجود تا حال ان کی رباعیات کا ایک مجموعہ کتابی شکل میں آسکا اب ان کی یہ ایک زیر نظر تصنیف شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا نام عجیب ہے تو اس کے مندرجات عجیب تر اور مقصد عجیب ترین۔ شعر گوئی جب "مشغلہ" بن جائے تو شاید یہی نتائج سامنے آتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے علامہ اقبال، میر انیس، دبیر، خسرو، امجد، غالب، داغ، مولانا روم، سرمد، خیام اور نظیری وغیرہ کے مختلف اشعار کا جواب اشعار میں دینے کی کوشش کی ہے اور اپنی اس سعی کو انھوں نے فن شاعری میں "صنفِ محکیات" کا نام دیا ہے۔ اس طرح وہ ایک نئی صنف کے موجد بھی بن گئے ہیں۔ اللّٰھم زدفزد۔

بے شبہ ڈاکٹر صاحب کو اپنے افکار نظم کرنے پر پوری قدرت حاصل ہے، لیکن موصوف نے اپنی اس تصنیف میں مذکورہ بالا شعرا کے اشعار کا جو جواب دیا ہے اسے "دردِ لا دوا" کے مقابل "علاج بے دوا" ہی کہا جا سکتا ہے اور انہی الفاظ پہ مد تبصرہ تمام شد۔

(ف۔ ع)

کاروباری خط وکتابت : از کے۔ محمد احمد ابن مخدوم ایم۔ اے۔ تقطیع $\frac{20\times30}{16}$ صفحات ۱۶۸ غیر مجلد قیمت ۱۰ روپے۔ ناشر: کرناٹک اشاعت گھر بنگلور۔